# Press Release

**November 29, 2017**

## SECP notifies Shariah Standards No 17, 18 and 23 of AAOIFI

ISLAMABAD, November 29: The SECP has notified for public consultation three Shariah Standards of Accounting and Auditing Organization for Islamic Financial Institutions (AAOIFI)**;** Shariah Standard No 17 - Investment Sukuk, Shariah Standard No 18- Possession (Qabd) and Shariah Standard No 23 - Agency and the Act of an un-commissioned agent (Fodooli)

The SECP has been playing an active role in the Islamization of the economy. The SECP has endeavored to replicate the best international practices in the Islamic financial services. In order to ensure harmonization and standardization in the business practices of Islamic financial institutions, the SECP has been gradually adopting Accounting and Shariah Standards issued by Accounting and Auditing Organization for Islamic Financial Institutions (AAOIFI) as a benchmark for Islamic financial services while keeping in view the local business context.

Earlier, the SECP had notified three Islamic Financial Accounting Standards for adoption: IFAS 1- Morabahah, IFAS 2- Ijarah, and IFAS 3- Profit and Loss Sharing on Deposits in 2005, 2007 and 2013, respectively. While it also notified the four Shariah Standards of AAOIFI; Shariah Standard No 3- Default in Payment by a Debtor, Shariah Standard No 8-Murabahah to the Purchase Order, Shariah Standard No 9- Ijarah and Ijarah Muntahia Bittamleek; and Shariah Standard No.13- Mudarabah in January 2016.

Keeping in view the significance of the standards in the Islamic financial services market of Pakistan, Shariah Advisory Board of SECP in its 9th meeting held on November 20, 2017, had approved for adoption of aforementioned three Shariah Standards. Consequently, the Islamic Finance Department (IFD) presented the Shariah Standards to the Commission for its approval. The Commission has approved them for public consultation. The members of the public are invited to provide their comments.

**ایس ای سی پی نے اکاؤنٹنگ اور آڈٹنگ کے شرعی معیارات عوامی مشاورت کے لئے جاری کر دئے**

اسلام آباد (نومبر 29) سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے اسلامی مالیاتی اداروں کی عالمی تنظیم کے اسلامی مالیاتی کمپنیوں کے لئے اکاؤنٹنگ اور آڈٹنگ کے تجویز کردہ شرعی معیارات کو تمام شراکت داروں اور عوامی مشاورت کے لئے جاری کر دیا ہے۔ مشاورت کے لئے جاری کئے گئے معیارات میں سکوک انوسٹمنٹ سے متعلقہ شریعہ معیار نمبر 17، ملکیت سے متعلق معیار نمبر 18 اور ایجنسی اور غیر منظور شدہ ایجنٹ کے کردار سے متعلق معیار نمبر 23 شامل ہیں۔

ایس ای سی پی ملک میں اسلامی مالیاتی معیشت کے فروغ اور اسلامی مالیاتی خدمات کی بہترین معیارات کے مطابق فراہمی کے لئے اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ ملک کے اسلامی مالیاتی اداروں میں بہترین کاروباری طریق کار اور معیارات کے فروغ کے لئے ایس ای سی پی آرگنائزیشن فار اسلامک فنانشل انسٹی ٹیوشنز کے متعین کردہ آڈٹ اور اکاؤنٹنگ کے معیارات کو مقامی حالات کے تناظر میں تسلسل کے ساتھ نافذ کر رہا ہے۔

اس سے پہلے بھی ایس ای سی پی نے بلترتیب, 2005، 2017، اور 2013 میں اسلامی مالیاتی اداروں کے لئے تین معیارات جاری کئے تھے جو کہ مرابحہ، اجراء اور نفع اور نقصان کی تقسیم سے متعلق تھے۔ جبکہ جنوری 2016 میں قرض دہندہ کی جانب سے قرض کی ادائیگی میں ناکامی، مرابحہ، اجراء اور مضاربہ سے متعلق چار مزید معیارات نافذ کئے گئے تھے۔

پاکستان کی اسلامی مالیاتی مارکیٹ میں شریعہ معیارت کی اہمیت کے پیش نظر، ایس ای سی پی کے شریعہ ایڈوائزری بورڈ نے مندرجہ بالا معیارت کو نافذ کرنے کی منظوری دی تھی۔ شریعہ بورڈ سے منظور کے بعد مذکورہ بالا معیارات کی کمیشن سے منظوری کے بعد عوامی مشاورت کے لئے جاری کر دیا گیا ہے۔